12/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں کشمیر کرکٹ ٹیم کی رانجی ٹرافی میں شاندار جیت کے سلسلے میں ڈاک و تار محکمے کی طرف سے جاری کئے گئے خصوصی کوَر اور پوسٹل Envelope کی رسم اجرائی انجام د ی۔ انہوں نے رانجی ٹرافی کرکٹ ٹیم کے اراکین کے ساتھ بات کرتے ہوئے ان کی صلاحیت کی سراہنا کی ۔

اس موقعہ پر جموں کشمیر سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ساگر ہنومان سنگھ اور BCCI سب کمیٹی کے ممبر برگیڈئیر انیل گپتا بھی موجود تھے ۔

ایل جی ملاقات

سول سوسائٹی فورم کشمیر ہیلتھ کے ایک وفد نے سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ وفد کے اراکین نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت جاری سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سول اور پولیس انتظامیہ کی جانب سے سبھی اضلاع میں مختلف سرگرمیوں اور پروگراموں کا انعقاد جاری ہے ۔ انتظامیہ نے ڈرگ سمگلروں کے خلاف کڑی کاروائی کا انتباہ دیا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

درخشاں اندرابی

جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے منشیات کو معاشرے کے لئے نا سور قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بدعت کا قلع قمع کرنے کے لئے سماج کے سبھی طبقوں کو اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔ سوپور میں جموں و کشمیر ڈیولپمنٹ فاونڈیشن کی طرف سے منعقدہ ” اَسلُک آلو“ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے نوجوانوں کی بہتر ذہنی و جسمانی نشو نما یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔بعد میں ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-- -

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے یو ٹی سطح کی مردم شماری رابطہ کمیٹی کے تیسرے اجلاس میں اور Self Enumeration جموں و کشمیر کے اضلاع میں مردم شماری 2027 کے ت□ت ہاو

سرگرمیوں کے ابتدائی مر□لے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ Listing سۂ

چیف سیکریٹری نے اس موقع پر مردم شماری کے عمل کے دوران اعداد و شمار کے اندراج میں اور سپروائزرس کی جامع اور Enumerators درستگی کے علاوہ مو

ثر تربیت کی ضرورت پر زور دیا۔ۂ

قائمہ کمیٹی

مکانات اور شہری امور سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی نے سرینگر کے مطالعاتی دورے کے دوران اسمارٹ سٹی اور شہری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

یہ دورہ کمیٹی کے سال 2025-26 کے پروگرام کا □صہ تھا جس کا مقصد جموں و کشمیر میں اہم شہری ترقیاتی اقدامات کے نفاذ کا جائزہ لینا ہے۔

دورے کے دوران کمیٹی کے اراکین کو شہری بنیادی ڈھانچے، رہائشی سہولیات، صفائی ستھرائی اور بلدیاتی خدمات سے متعلق منصوبوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

ریلوے

ریلویز نے سال 2025 میں جموں ڈویژن کے قیام کے بعد اس ڈویژن کے آپریٹنگ، کمرشل، پرسنل اور جنرل ایڈمنسٹریشن شعبوں میں مختلف عہدوں سے سبکدوش ہوئے ریلوے ملازمین کی دوبارہ تعیناتی کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کا مقصد ریلوے عملے کی کمی کو پورا کرنا، ڈویژنل امور کی ہموار انجام دہی کو یقینی بنانا اور دفتری ضروریات کو مو

ثر طریقے سے پورا کرنا ہے۔ٔ

اہلیت اور عمر کی □د سے متعلق اہم شرائط کے مطابق درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تک امیدوار کی زیادہ سے زیادہ عمر 64 سال اور 6 ماہ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

اس فیصلے کی سراہنا کرتے ہوئے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر ا

چت سنگھل نے کہا کہ ریٹائرڈ ریلوے ملازمین کا وسیع تجربہ اور اپنے کام سے وابستگی جموں ± ڈویژن کے مو

ثر اور ہموار نظام میں سنگ میل ثابت ہوگی۔ٔ

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 2452019-0194 پر ہو رہی ہے ۔

پروگرام

آکاشوانی سرینگر کے آڈیٹوریم میں آج سہ پہر تین بجے موسیقی کا ایک پروگرام منعقد ہو رہا ہے ۔ آکاشوانی کے قیام کے 90 برس مکمل ہونے کے سلسلے میں منعقد کئے جا رہے اس پروگرام میں کئی معروف فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے ۔

درجہ□رارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ □رارت 12 اعشاریہ 5ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ21 اعشاریہ 9 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا □افظ